وَعَمُّهَا خَالُهَا قَوْدَاءُ شِمْلِيلُ	حَرْفٌ أَبُوهَا أَخُوهَا مِنْ مُهَجَّنَةٍ

ای ہی حرف لخ فحرف خبر مبتدء محذوف والمراد التشبیہ فالتقدیر مثل حرف او انہ جعلہا نفس الحرف مبالغۃ والمراد بالحرف ہہنا حرف الجبل وہو القطعۃ الخارجۃ منہ وتشبیہہا فی القوۃ والصلابۃ وارادۃ حرف الخط وتشبیہہا فی الضمور والدقۃ ینافیہ ما تقدم من وصفہا بعظم الخلقۃ وسعۃ الجنبین وغیر ذلک۔ والمہجنۃ بضم المیم وفتح الہاء وتشدید الجیم المفتوحۃ وفتح النون وفی آخرہ تاء التانیث کریمۃ الابوین من الابل والہجائن کرام الابل فالتہجین مدح فی الابل واما فی الآدمیین فہو ذم لان معناہ فیہم ان یکون الاب عربیا والام امۃ فیقال الرجل حینئذ ہجین وان کان الامر بالعکس قیل رجل مقرف۔ والقوداء بفتح القاف وسکون الواو ہی الطویلۃ الظہر والعنق وشملیل بشین معجمۃ مکسورۃ ومیم ساکنۃ ولام مکسورۃ وفی آخرہ لام ایضا ہی الخفیفۃ السریعۃ۔

ترجمہ وہ ناقہ بلحاظ قوت وصلابت مثل کنارہ پہاڑ کے ہے یا میان باریک مضبوط اور دراز پشت وگردن وسبک خرام ہے اُسکا باپ شرف نسب میں مثل اُسکے بھائی کے ہے اور اُسکا چچا صفت مذکورہ میں مانند اُسکے ماموں کے خلاصہ یہ ہے کہ وہ کریمۃ النسب اور جیدۃ الاصل ہے۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ مراد ہو کہ اُسکا بھائی اُسکا باپ حقیقۃً ہو اور اُسکا چچا اُسکا ماموں اسکی صورت شراح نے یہ بیان کی ہے کہ ایک شتر نر اپنی بیٹی سے جفت ہوا اور اس سے دو نر شتر پیدا ہوئے پھر ان دو میں کا ایک اپنی ماں سے جفت ہوا اور اُس سے ایک ناقہ جنی پس اُن دونوں میں سے وہ شتر جو اُسکی مادہ سے جفت ہوا ہے اور یہ اُسکا نطفہ سے پیدا ہوئی ہے اُسکا باپ ہے اور اخیافی بھائی بھی۔ اور ان دو میں کا شتر ثانی اُسکا چچا ہے۔ کیونکہ اُسکے باپ کا حقیقی بھائی ہے اور ماموں بھی کیونکہ اُسکی مادر کا علاتی بھائی ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ وہ قویہ کاملہ اور نہایت نجیب ہے۔ کیونکہ چوپایوں کا خاصہ ہے کہ وہ اپنے قریبوں اور ہم نسبوں سے جفت ہونا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ اور قاعدہ ہے کہ جتنی رغبت کسی

کی طرف زیادہ ہوگی اتنی ہی شہوت زیادہ ہوگی۔ اور اسی سبب سے اولاد قوی و توانا پیدا ہوگی سو تقارب نسب شتروں میں ممدوح ہے بخلاف انسان کے کہ اُس میں قرب نسب باعث ضعف اولاد کا ہوتا ہے۔ انسانکی رغبت اجانب کی طرف زیادہ ہوتی ہے اور جو ہروقت پیش نظر رہے اُسکی طرف رغبت کم رہتی ہے اسلیے اجانب میں رسم مناکحت ادا کرنا باعث قوت اولاد کا ہے قال بعضہم ؎ ان اردت الانجاب فانکح غریباء والی الاقربین لاتوصل" فانتفاء الثمار طیبا و حسناء ثمر غصنہ غریب موصل + وفی الحدیث اغتربوا لاتضووا۔ ای ان تزوج القرائب یوقع الضوی فی البلد۔ والضوی بالضاد المعجمۃ بوزن الہوی مصدر ضوی بالکسر یضوی بالفتح بمعنے الضعف والہزال۔

یمشی القراد علیہا ثم یزلقہ	منہا لبان واقراب زہالیل

یزلقہ من الازلاق والزلق نقیض ثبات القدم وثم ہنا لمجرد الترتیب ولیس فیہا معنی التراخی کما فی قول الشاعر ؎ کہز الردینی تحت العجاج جری فی الانابیب ثم اضطرب"۔ ولبان فاعل یزلقہ وہو بفتح اللام الصدر وقیل وسطہ۔ والاقراب جمع قرب بمعنی الخاصرۃ۔ والمراد بالجمع المثنی کمافی قولہ تعالی فقد صغت قلوبکما۔ وزہالیل صفۃ لقولہ لبان واقراب معا۔ وہی جمع زہلول کعصفور وہوالشئ الاملس **ترجمہ** اُس ناقہ پر کلنی چلتی ہے تو اُس پر سے اُسکا سینہ اور کوکین جو سپاٹ اور چکنی ہیں اُس کو پھسلا کر گرا دیتی ہیں خلاصہ یہ ہے کہ اُسکا جسم ایسا صاف ہے کہ اُس پر کلنی سا چمٹنے والا جانور ٹھیر نہیں سکتا۔ اور یہ وصف اوصاف شتر میں نہایت محمود اور محبوب ہے اور وجہ تخصیص سینہ اور کوکون کی یہ ہے کہ شتر میں یہ دو مقام بوقت نشست زمین سے لگتے ہیں اور نہایت سخت ہو جاتے ہیں۔ جب یہ دونوں موضع ایسے سپاٹ اور صاف ہیں تو باقی جسم کا کیا کہنا ہے۔

عیرانۃ قذفت بالنحض عن عرض	مرفقہا عن بنات الزور مفتول

العیرانۃ بفتح العین المہملۃ المشبہۃ عیر الوحش ای حمار فی سرعتہ ونشاط وصلابتہ۔ وقذفت بمجہول ای

رمیت۔ والنحض بفتح النون وسکون الحاء المہملۃ والضاد المعجمۃ اللحم۔ ویروی باللحم بدل بالنحض۔ و العرض بضمتین او بضم وسکون الجانب والمراد منہ ہنا العموم فان النکرۃ فی سیاق الاثبات قد تعم بالقرینۃ والزور الصدر او وسطہ او اعلاہ۔ وبنات الزور ما یتصل بالصدر مما حولہ من الاضلاع وغیرہا والمفتول اسم مفعول من الفتل بالفاء وہو الصرف یقال فتل وجہہ عنہ ای صرفہ

ترجمہ وہ ناقہ قوت ومضبوطی ونشاط اور تیز دوی میں مثل حمار وحشی یعنی گورخر کے ہے کہ ہر طرف سے اُسکے جسم پر گوشت پھینکا گیا ہے۔ یعنی باوجود کثرت سفر خوب تیار ہے دبلی نہیں ہوتی نہایت نیک تن ہے۔ اُسکی کی کہنی یعنے ہر دو اُسکے اجزا متصلہ سینہ سے دور ہیں۔ اور اس لئے وہ باوجود تیزی رفتار کے الجھتی نہیں ہے اور نہ ٹھوکر کھاتی ہے کیونکہ اسکے اگلے پیروں کی کہنیاں اُس کے سینہ سے بسبب وسعتِ صدر کے دور ہیں اور یہ امر خصوصاً ناقہ میں نہایت محبوب اور مرغوب ہے کیونکہ تیز رو ناقہ جس کا سینہ تنگ ہو کبھی ایسا ہوتا ہے کہ بوقت سرعتِ دوش اس کا ایک پاؤں دوسرے پاؤں سے ٹکر کھا جاتا ہے اور ناقہ گر پڑتی ہے۔ ان اشعار میں بعض اوصاف ناقہ مکرر ذکر کیے ہیں۔ مگر چونکہ بالفاظ مختلفہ ہیں۔ اس لیے عمدہ سمجھے جاتے ہیں۔

مِنْ خَطْمِہَا وَمِنَ اللَّحْيَيْنِ بِرْطِيلُ	كَأَنَّمَا فَاتَ عَيْنَيْہَا وَمَذْبَحَہَا

کان اداۃ تشبیہ۔ وما اسم موصول بمعنی الذی ہی اسم کان وفات معناہ تقدم۔ وجملۃ فات صلۃ والعائد الضمیر المستتر فی فات۔ وعینیہا مفعول ومذبحہا معطوف علیہ۔ ومن خطمہا بیان لما۔ ومن اللحیین معطوف علیہ۔ وبرطیل خبر کان۔ والمذبح والمنحر واحد۔ والخطم بفتح الخاء المعجمۃ مقدم الانف والفم۔ والبرطیل بکسر الباء معول من حدید او حجر مستطیل۔ واللحیان بفتح اللام العظمان اللذان تنبت علیہا الاسنان السفلی من الانسان وسائر الحیوانات۔ وفی البیت صنعۃ اللف والنشر المرتبین لان قولہ من خطمہا راجع الی عینیہا ومن اللحیین راجع الی مذبحہا۔

ترجمہ گویا اُسکے چہرہ کا وہ حصہ جو مونہ اور ناک سے لیکر اُس کے ہر دو چشم تک اور وہ حصہ

جو اُسکے جباڑہ سے اُسکے مذبح تک ہے قوت اور مضبوطی میں مثل اس آلہ آہنی کے ہے
جس سے پتھر کاٹتے ہیں۔ یا درازی میں مانند لمبے پتھر کے غرض اُسکے چہرہ کو برطیل سے
بہر دو معنے سے تشبیہ دیتا ہے۔ اور بعض نسخوں میں بجائے فات کے قاب ہے اور قاب
قاف اور باے موحدہ سے بمعنی مقدار کے ہے۔ قال اللہ تعالی فکان قاب قوسین او ادنی
اس صورت میں کا نما میں ما کافہ ہوگا۔ ان کو عمل کرنے نہیں دیگا اور لفظ قاب مضاف
ہوگا اور مابعد مضاف الیہ۔ اور من ابتدائیہ ہوگا۔ اور برطیل خبر مبتدا کی ہوگی اور اس صورت
میں ترجمہ شعر کا یہ ہوگا کہ گویا مقدار مابین ہر دو چشم ناقہ مقدم یعنی ودہن سے لیکر تا انتہائے
سر اور مقدار مابین اُسکے مذبح کے اُسکے ہر دو جباڑہ سے لیکر اُسکے سینہ تک ہر دو
ایک دراز پتھر ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ ناقہ مذکورہ کلاں سر اور دراز گردن ہے۔

تمر مثل عسيب النخل ذا خصل	في غارز لم تخونه الاحاليل

تمر بضم المثناۃ من الامرار صیغۃ مضارع وفاعلہ الضمیر للناقۃ۔ ومثل صفۃ لمحذوف ای ذنبا۔
وعسیب النخل جریدہ الذی لم ینبت علیہ الخوص فان نبتت علیہ سمی سعفا۔ وذا صفۃ ثانیۃ لہ
خصل بضم الخاء المعجمۃ وفتح الصاد المہملۃ اللفائف من الشعر جمع خصلۃ وفی ذلک اشارۃ الی
کونہ کثیر الشعر۔ وہو من الصفات المحمودۃ فی الابل۔ وقولہ فی غارز ای علی ضرع۔ فالمراد بالغارز
ہنا الضرع وفی بمعنی علی۔ والجار والمجرور متعلق بتمر والاحالیل جمع احلیل وہی مخارج اللبن وہو
المراد ہنا ویطلق علی مخرج البول۔ وتخونہ بفتح التاء والخاء وتشدید الواو المفتوحۃ۔ اصلہ تتخونہ
حذفت احدی التائین فہو مضارع تخون بمعنی تنقص ترجمہ وہ ناقہ اپنی پستانوں پر جنکو
شیر دہی نے گھٹایا نہیں ہے واسطے دفع مکھیوں وغیرہ کے ایسی دم مارتی اور ہلاتی
ہے کہ جو مثل شاخ خرما دراز ہے اور اُس پر سو ہائے پیچیدہ کی لٹیں ہیں۔ ناقہ کا دودھ
نہ دینا اُس کی قوت کا قوی سبب ہے اور اس کی دم پر ہجوم بالوں کا اُس
کی خوبصورتی کا باعث ہے۔

قنواء في حرتيها للبصير بها	عتق مبين وفي الخدين تسهيل

القنواء بفتح القاف وسکون النون المحدوبة الانف - ومنه قيل للرجل اقنى اذا كان محدوب الانف وفي حرتيها اي في اذنيها - وروي ان النبي صلى الله عليه وسلم لما سمع هذا البيت قال لاصحابه رض ماحرتاها فقال بعضهم عيناها وسكت بعضهم فقال عليه السلام هما اذناها - والبصير العارف - والعتق بكسر العين وسکون التاء الكرم - ومبين بمعنى ظاهر من ابان بمعنى بان اي ظهر - وتسهيل اي سهولة ولين لاخشونة ولاحزونة - ويروى وجناء بدل قنواء **ترجمہ** وہ ناقہ کج بینی ہے یا دراز رخسارہ اور جو شخص تلقے کے عیب وصواب کو جانتا ہے وہ اسکو جب دیکھتا ہے تو اس کے دونوں کانوں سے اسکی شرافت و نجابت دریافت کرلیتا ہے اور اسکے دونوں رخساروں میں نرمی ہے سختی نہیں - ناظم رض نے یہاں ناقہ کے کج بینی ہونے کو اسکے اوصاف محمودہ میں شمار کیا ہے اور مشہور یہ ہے کہ کج بینی گھوڑے اور شتر میں عیب ہے، اور صحیح یہ ہے کہ یہ وصف گھوڑے میں عیب شمار ہوتا ہے - نہ شتر میں - قال في القاموس ہو اقنى ذي قنواء وہو في الفرس عیب وفي الصقر والبازي مدح - اور ایک روایت میں بجائے قنواء کے وجناء آیا ہے اور اس پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ یہ وصف ناقہ پہلے مذکور ہوچکا ہے - پس تکرار لازم آویگی اور اس کا یہ جواب ہوسکتا ہے کہ سابق شعر گزشتہ میں وجناء کے دو معنی لکھے گئے ہیں ایک صلبہ یعنی مضبوط کے اور دوسرے عظیمۃ الوجنتین کے - اس صورت میں کہہ سکتے ہیں کہ شعر گزشتہ میں بمعنے مضبوط کے ہیں - کیونکہ وہاں مقصود ناظم پہلے شعر میں بیان اسکے عظیمۃ الخلق ہونیکا ہے - اور اسکے مناسب مضبوطی ہے اور اس شعر میں مقصود بیان اسکی خوبصورتی کا ہے اور اسکے مناسب عظیمۃ الوجنتین ہے -

تخدي على يسرات وهي لاحقة	ذوابل مسهن الارض تحليل

تخدي بمعجمة فمهملة کترمی بمعنی تسرع من خذی البعیر یخذی اذا اسرع وبمعنی تسترخی من خذا یخذو اذا استرخی کما في القاموس ويروى بمجتمتين وهذا ابلغ في المدح لانها مع استرخائها في السير

تلحق النوق السوابق فکیف لوا سرعت۔ والیسرات لنعات القوائم الخفاف واشتقاقہا من الیسر۔ قولہ وہی لاحقۃ ای والحال انہا لاحقۃ بالنوق السابقۃ علیہا وبالدیار البعیدۃ عنہا۔ ویروی وہی لاہیۃ ای وہی غافلۃ عن السیر فی تسرع فیہ من غیر اکتراث ومبالاۃ۔ وقال بعض الشراح اللاحقۃ الضامرۃ وضمیر ہی للیسرات۔ وقولہ ذوابل بالتنوین للضرورۃ ہو صفۃ لیسرات۔ والذابل جمع ذابل وہی الرمح الصلب الیابس۔ والمعنی علی التشبیہ ای وتلک الیسرات کالذوابل ای کالرماح الصلبۃ الیابسۃ۔ وتحلیل اے شئ قلیل غیر مبالغ فیہ لسرعۃ رفع قوائمہا من الارض فلا تمس الارض الاتحلۃ القسم کما یحلف الانسان لیفعلن ہذا الشئ فیفعل منہ الیسیر فیتحلل بہ من القسم۔ وہذا الحسب الاصل ثم کثر حتی قیل لکل شئ لم یبالغ فیہ وفی الحدیث لایموت لاحدکم ثلاث من الولد فتمسہ النار الاتحلۃ القسم فہو کنایۃ من القلۃ **ترجمہ** یہ ناقہ لیے سبک اور ستے ہوئے پاؤں پر جو مثل خشک اور سخت نیزوں کے ہیں تیزروی کرتی ہے یا ڈھیلی لا اُبالیانہ چلتی ہے۔ حالانکہ اُس پر بھی وہ اُن ناقوں سے جو اُس سے بڑھے ہوئے ہیں جا ملتی ہے۔ اور بسبب سرعت سیر کے اُس کے قدم زمین کو یونہی سے برائے نام چھوتے ہیں۔ جیساکہ کوئی آدمی اپنی قسم پورا کرنے کو کوئی کام برائے نام کرلیتا ہے۔ مثلاً زید نے قسم کھائی کہ میں خالد کو مارونگا اور پھر پچھتایا اور اُس نے اپنی قسم پوری کرنیکو خالد کے ڈھیلے ہاتھ سے ایک دھپ مار دیا۔ خلاصہ یہ کہ وہ ناقہ نہایت تیز و چالاک ہے۔

سُمْرُ العُجَایَاتِ یَتْرُکْنَ الحَصَی زِیَمًا	لَمْ یَقِهِنَّ رُؤُسَ الْأُکْمِ تَنْعِیلُ

ای ہی السمر العجایات۔ وضمیر ہی عائد الی الیسرات۔ ویصح ان یکون قولہ سمر العجایات صفۃ للیسرات والسمر جمع اسمر۔ والسمر لون یقرب من السواد ویصح ان یکون من اضافۃ المشبہ بہ الی المشبہ ای عجایاتہا کالسمر اے کالرماح السمر

فی الشدۃ والصلابۃ فان السمر من اوصاف الرماح۔ والعجایات جمع عجایۃ بضم العین والجیم وہی الاعصاب المتصلۃ بالحافر۔ وقیل اللحمۃ المتصلۃ بالعصب المنحدر من رکبۃ البعیر الی الفرسن۔ وزیما کسر الزاء وفتح الیاء کعنب المتفرق۔ والجملۃ صفۃ یسرات فالضمیر لہن۔ والضمیر فی لم یقہن للیسرات۔ ویق مضارع وقی من الوقایۃ وہی الحفظ وفی بعض الروایات لم یبقہن من الابقاء۔ ورؤس الاکم قیل منصوب بنزع الخافض ای عن رؤس الاکم والاصوب علی روایۃ لم یقہن کونہ مفعولا ثانیا اذ الوقایۃ تتعدی الی المفعولین۔ قال اللہ تعالے فوقاہم اللہ شر ذلک الیوم۔ والاکم کقفل مخفف اکم بضمتین جمع اکام ککتب جمع کتاب۔ واکام جمع اَکَم بفتحتین کجبل وجبال۔ واکم بفتحتین جمع اکمۃ کثمر جمع ثمرۃ وہی الرابیۃ المرتفعۃ من الارض۔ والتنعیل شد النعل علی ظفر الدابۃ لیقیہا الحجارۃ وانما خص الاکم التی ہی الروابی بالذکر لانہا تبقی بہا الحجارۃ الخشنۃ ونحوہا لقلۃ سلوکہا **ترجمہ** یہ ناقہ ایسے سُبک اور سُتے ہوئے پاؤں کے ذریعہ سے تیز جاتی ہے کہ اُس کے پٹھے مانند گندم گوں نیزے کے مضبوط اور قوی ہیں جو بسبب اپنی تیز روی کے راہ کے پتھروں کو ادھر اُدھر پھینکدیتے ہیں۔ اور ٹیلوں کے سروں کے پتھروں سے جو بسبب کم چلنے مسافروں کے وہاں بکثرت جمع ہو جاتے ہیں۔ اُسکے اقدام کو نعلبندی نہیں بچاتی۔ کیونکہ اُس کے پاؤں نہایت سخت ہیں اور اُس کے موٹے مضبوط ہیں پس نعلبندی کی کچھ حاجت نہیں۔

وَقَدْ تَلَفَّعَ بِالْقُورِ الْعَسَاقِيلُ		كَأَنَّ أَوْبَ ذِرَاعَيْهَا إِذَا عَرِقَتْ

الاوب بفتح الہمزۃ وسکون الواو سرعۃ القلب۔ وخبر کان۔ قولہ فی البیت الرابع ذراعا عیطل نصف ای طویلۃ متوسطۃ فی السن فی اللطم علی وجہہا شدۃ حزنہا علی ولدہا ففی البیت العیب المسمی بالتضمین وقولہ اذا عرقت ای وقت عرقہا لا لتعب ولا

لاعیار لما تقدم من وصفها بالقوۃ والصلابۃ بل شدۃ الحر و تلفع کتقبل ای التحف اشتمل وہو من اللفاع کتلحف من اللحاف۔ والقور بضم القاف جمع قارۃ وہی الجبل الصغیر۔ والعساقیل بکسر اول السراب قال الجوہری لم اسمع بواحدہ **ترجمہ** اس ناقہ کی دونوں ہاتھوں کی تیز حرکت جبکہ وہ بسبب شدۃ حرات کے عرق لے آوے اُس حال میں کہ چھوٹی پہاڑیوں کو دھوکا یعنی نمائش آب ڈھانک لے گویا تیز حرکت ہر دو دست ایک درازقامت ادھیڑ عورت کی ہے۔ جب وہ بباعث شدۃ غم فرزند مردہ کے اپنے منہ اور چھاتی پر جلد جلد طپانچے مارتی ہے۔ ناقہ کی تیزروی کی تصویر باندھتا ہے کہ بسبب تیزی رفتار کے اُس کے اگلے پاؤں ایسے جلد جلد اُٹھتے ہیں جیسے زن قوی وجوان کے ہاتھ بوقت نوحہ اپنے فرزند مردہ کے اُٹھتے ہیں۔ یعنی جب وہ پیٹتی اور سینہ کوبی کرتی ہے۔ اور اُسکی تیزروی کے لیے یہ قید کہ جب سراب چھوٹے پہاڑوں کو ڈھانک لے اس واسطے لگائی ہے کہ جب اُسکی تیزی ایسے نازک اور حار وقت میں اسقدر رہے تو اور وقتوں میں کیا بلا ہوگی۔ معلوم رہے کہ یہ اشعار قطعہ بند ہیں اور خبر کَاَنَّ کی چوتھے شعر میں ذراعا عیطل نصف ہے۔ قطعہ بند کو عربی میں تضمین کہتے ہیں جو عیوب میں شمار ہوتے ہیں۔ ہمنے شعر کا ترجمہ کَاَنَّ کی خبر ملا کر کردیا ہے تاکہ مطلب بیت بخوبی سمجھ میں آجائے۔

كَاَنَّ ضَاحِيَهٗ بِالشَّمْسِ مَمْلُوْلُ	يَوْمًا يَظَلُّ بِهِ الْحِرْبَاءُ مُصْطَخِدًا

یوما ظرف لقولہ تلفع۔ ویظل بفتح الظاء المعجمۃ مضارع ظل وہو ہنا بمعنی یصیر وبہ ای فی ذلک الیوم۔ ومصطخدا بکسر الخاء المعجمۃ ای محترقا بحر الشمس والجملۃ صفۃ لیوما۔ والضاحی الظاہر البارز والضمیر فی ضاحیہ عائد الی الیوم او للحرباء۔ ومملول من ملت الخبز بفتح المیم الملۃ بضمہا من باب ردّ ردًّا اذا خبزتہ فی الملۃ وہی الرماد الحار **ترجمہ** یہ سراب کا چھوٹی پہاڑیوں کو ڈھانکنا ایک ایسے گرم روز میں ہو جس میں گرگٹ باوجودیکہ وہ شدت حرارت

کا عادی ہوتا ہے) دھوپ کی گرمی سے جل اُٹھے اُس روز جبکہ جبکہ آفتاب کے سامنے ہے یا گرگٹ کے جسم کا وہ حصہ جو سورج کے سامنے ہے ایک روٹی ہے جو خاکستر گرم یعنی بھوبل میں دبائی گئی ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اُس ناقہ کی تیز روی ایسے گرم روز میں ایسی ہے تو سرد روز میں کسقدر ہوگی۔

وَقَالَ لِلْقَوْمِ حَادِيهِمْ وَقَدْ جَعَلَتْ	وُرْقُ الْجَنَادِبِ يَرْكُضْنَ الْحَصَى قِيلُوا

معطوف علی التلفع الواقع حالا فیکون حالا ایضا۔ وحادیہم ای سائق الابلہم بالحداء وہو الغناء تنشیطا الابل علی السیر۔ ومقولۃ القول قولہ فی آخر البیت قیلوا۔ وقد جعلت ای اخذت و شرعت۔ والورق بضم الواو جمع اورق وہو الاخضر الذی یضرب الی السواد۔ قیل الورقۃ لون یشبہ لون الرماد۔ والجنادب جمع جندب بضم الدال وقد تفتح وہو ضرب من الجراد۔ وقیل ہو الجراد الصغیر وانما یکون ہذا الصنف فی القفار الموحشۃ القویۃ الحرارۃ البعیدۃ من الماء۔ ویرکضن ای یحرکن۔ وقیلوا امر من قال یقیل قیلولۃ وہی الاستراحۃ فی وقت شدۃ الحر وان لم یکن نوم **ترجمہ** یہ تیز روی اس ناقہ کی ایسی شدت گرمی کے وقت میں ہے کہ قوم کے اُن کے حدی خوان نے (جس کا یہ کام ہوتا ہے کہ بذریعۂ خوش آوازی شترونکو جلد ہنکاوے) گرمی کے زور سے عاجز ہوکر کہا کہ دوپہر کو آرام اور قیلولہ کرو اور اپنے اجسام کو صدمۂ حرارت سے بچاؤ ایسے حال میں کہ خاکستری رنگ کی ٹڈیاں پرواز سے تنگ آکر بعزم نشست جلتے ہوئے پتھروں پر اپنے پاؤں مارتی ہیں اور بسبب سخت گرم ہونیکے اُن پر بیٹھ نہیں سکتیں اور یہ کیفیت صحرائے بے آب میں جہاں سے پانی بہت دور ہو ہوتی ہے۔ کیونکہ قسم مذکورہ کی ٹڈیاں ایسے ہی جنگلوں اور میدانوں میں ہوتی ہیں پس ایسے میدانوں میں سفر کرنا ناقہ کے پانی سے صبر کرنے پر خوب دلالت کرتا ہے۔ اور یہ امر صفاتِ محمودہ شتر میں اول درجہ کا ہے۔

شَدَّ النَّهَارِ ذِرَاعَا عَيْطَلٍ نَصَفٍ	قَامَتْ فَجَاوَبَهَا نُكْدٌ مَثَاكِيلُ

شد بفتح الشین المعجمۃ وتشدید الدال المہملۃ المفتوحۃ بمعنے الارتفاع فہو مصدر جعل ظرفاً علی تقدیر مضاف وہو وقت یقال جئتک شد النہار ای وقت ارتفاعہ وہو مبالغۃ فی شدۃ الحر۔ وہولما ظرف لاوب او لقیلوا او بدل من یوما فی قولہ یوما یظل الخ۔ وقولہ ذراعا عیطل نصف خبر کانّ فی قولہ کانّ اوب ذراعیہا الخ او العیطلۃ الطویلۃ۔ والنصف التی بین الشابۃ والکہلۃ۔ وقولہ قامت ای تلک العیطل النصف۔ والنکد بضم النون وسکون الکاف جمع نکدا کحمر جمع حمراء وہی التی لایعیش لہا ولد۔ والمثاکیل کمصابیح جمع مثکال بکسر المیم وہی کثیرۃ الثکل بوزن قفل وبفتحتین وہو فقدان المرءۃ ولدہا **ترجمہ** اس شعر کا ایسی طرح کہ چاروں اشعار کا مطلب بخوبی واضح ہو جائے یہ ہے کہ اس ناقہ کا بوقت رفتار جلد جلد پاؤں اٹھانا ایسے وقت میں تھا کہ آفتاب بلند ہو گیا تھا۔ اور اس کے سبب اور بھی باقتضائے موسم حرارت ایسی شدید تھی کہ اس کی گرمی سے گرگٹ جل گیا۔ اور حدی خوان نے قوم سے کہا کہ اگر اپنی تندرستی چاہتے ہو اور گرمی کے ہلاک ہونے سے بچتے ہو تو ایسے نازک وقت میں مت چلو اور دوپہر کو قیلولہ کرو اور خاکستری رنگ کی ٹڈیاں بسبب شدت سے گرم ہونے پتھروں کے ان پر بیٹھ نہیں سکتیں تھیں۔ باوجودیکہ اس قسم کی ٹڈیاں تحمل حرارت کی زیادہ عادی ہوتی ہیں اور باایں ہمہ شدت وہ ناقہ ایسے گرم وقت میں اپنے پاؤں ایسے جلد تیزی سے اٹھاتی تھی جیسے ایک عورت دراز قامت عمر کی ادھیڑ بسبب مرجانے اپنے بچے کے تیز تیز اپنے ہاتھ سینہ کوبی اور طمانچہ زنی کو اٹھاتی ہے اور اس کا جواب ایسی عورتیں جن کی اولاد نہیں جیتی دیتی ہیں۔ پس وہ عورت ان کو روتے اور پیٹتے دیکھکر اور زیادہ سینہ کوبی کرنے لگتی ہے۔ ایسی عورت کو متصف بدرازی قامت اور ادھیڑ عمر ہونے کے اس واسطے کہا کہ وہ دراز دست ہوتی ہے اور کامل القوت۔ اس لیئے ہاتھ اس کا منہ پیٹنے اور سینہ کوبی جلد جلد اٹھے گا۔

لَمَّا نَعَی بِکرَهَا النَّاعُونَ مَعقُولُ	نَوَّاحَةٍ رِخوَۃِ الضَّبعَینِ لَیسَ لَهَا

ای ہی نواحۃ. فنواحۃ بالرفع خبر مبتدر محذوف. ویصح ان یکون بالجر علی انہ صفۃ لعیطل وبالنصب تقدیرہ اعنی. ومعناہا کثیرۃ النوح علی میتها. ورخوۃ الضبعین مسترخیۃ عضدین فتکون اسرع حرکۃ من غیرہا ونعی بمعنی اخبر بالموت. وبکرہا بکسر البار وسکون الرار المہملۃ ہو اول اولادہا ذکرا کان او انثی والناعون ہم المخبرون بالموت. والمعقول بمعنی العقل **ترجمہ** اُس ناقہ کے اگلے پاؤں کی حرکت اس قدر تیز ہے جیسے اُس عورت کے ہاتھ کی حرکت تیز ہوتی ہے۔ جسکے ہر دو بازو ڈھیلے ہوں اور اس لیے اُن کی حرکت تیز ہو اور وہ اپنے مردے پر بکثرت نوحہ کرتی ہو خصوصاً اُسوقت کہ موت کی خبر دینے والے نے اُسکے پہلوٹے اور جیتے فرزند کی موت کی خبر دفعۃً دی ہو قبل اس کے کہ اُس نے اُس کے بیمار ہونے کی خبر سنی ہو اور یہ خبر سن کر اُسکی عقل زائل ہو گئی ہو اور وہ مجنونانہ روتی ہو کہ اس حالت میں وہ برابر روئے پیٹے گی اور ہرگز نہیں تھکے گی۔ ایسا ہی اُس ناقہ کا حال ہے کہ اُسکو سیر سے تکان لاحق نہیں ہوتا۔

مُشَقَّقٌ عَن تَرَاقِیهَا رَعَابِیلُ	تَفرِی اللَّبَانَ بِکَفَّیهَا وَمِدرَعُهَا

تفری ای تقطع. واللبان بفتح اللام الصدر واللام فیہ نائبۃ عن الضمیر والاصل لبانہا وبکفیہا متعلق بتفری وہو تقدیر مضافین. والاصل بانامل اصابع کفیہا. ومدرعہا قمیصہا. والتراقی جمع ترقوۃ وہی عظام الصدر التی تقع علیہا القلادۃ والرعابیل کعصافیر المتقطع جمع رعبول کعصفور وہو القطعۃ من الشئی. ومنہ رعبلت اللحم اذا قطعتہ وجزرتہ وقولہ مشقق خبر اول ورعابیل خبر ثان ویصح ان یکون صفۃ لمشقق **ترجمہ** وہ عورت اپنے دونوں ہاتھوں سے بسبب شدت غم کے اپنے سینے کو پیٹتی ہے اور اُس کا کرتہ سینہ پر بالکل بسبب سینہ کوبی کے پرزے پرزے ہے اور وہ اندوہ غم سے مجنون ہو گئی ہے اور اپنی تکلیف سے بیخبر ہے۔ ایسا ہی حال ناقہ موصوفہ کا ہے کہ بسبب حدت طبع تکالیف سفر کو بالکل معلوم نہیں کرتی۔ اب یہ شبہہ ہوتا ہے کہ رعابیل صیغہ جمع کا ہے پس مفرد کی خبر بصیغہ جمع کس طرح درست

ہو سکتی ہے۔ اُس کا جواب بطور تاویل یہ ہے کہ یہاں تبع قائم مقام مضاف مفرد کے ہے یعنی ذو ذرعاً یل اور ذو لفظ مفرد ہے تو اس صورت میں کوئی مانع صحت نہیں ہے۔

تَسْعَی الْوُشَاةُ جَنَابَیْهَا وَقَوْلُهُمْ	اِنَّكَ یَا ابْنَ اَبِیْ سُلْمٰی لَمَقْتُوْلُ

تسعیٰ من قولهم سعى به الى السلطان اذا وشى به۔ او من قولهم سعى سعيا اذا اسرع فى مسيره ومنه قوله صلعم اذا اتيتم الصلوة فلا تاتوها وانتم تسعون۔ او من قولهم سعى اليه اذا اتاه ومنه فاسعوا الى ذكر الله۔ والوشاة جمع واش هو النمام وسموا بذلك لانهم يشون الحديث اى يزينونه والجناب بالفتح الجيم هو فناء الشئ وبكسره ما قرب من محلة القوم ويروى حواليها بدل جنابيها وهو جمع حول بمعنى جهة۔ وضمير المونث لسعاد المتقدم ذكرها۔ او للناقة المذكورة وقولهم عطف على تسعى من عطف الجملة الاسمية على الجملة الفعلية او للحال۔ وقولهم باشباع الميم مبتدء وخبره انك لمقتول والمراد من ابن ابى سلمى بضم السين كعب بن زهير بن ابى سلمى نسب نفسه الى جده كما قال عليه السلام ؎ انا ابن عبد المطلب" ومعنى مقتول متوعد بالقتل حين اهدر دمه النبى عليه السلام قبل اسلامه حيث قال من لقى كعبا فيقتله **ترجمہ** چغلخور سعاد محبوبہ یا ناقہ موصوفہ کے ہر دو طرف نمامی کے طور پر دوڑے پھرتے ہیں یہ کہتے ہوئے کہ اے ابی سلمیٰ کے بیٹے حضرت رسالت پناہ کی سرکار سے تیرے قتل کا حکم نافذ کیا گیا ہے اور اس کا مقصد اس ذکر سے میرا ڈرانا اور ناک میں دم کرنا ہے۔ خلاصہ یہ کہ اول تو میں فراق محبوبہ کی تکالیف میں مبتلا تھا اُس پر یہ امر مستزاد ہوا کہ میرے قتل کا حکم دیا گیا اور دوستوں نے میری اعانت اور حمایت سے صاف انکار کر دیا جو اگلے شعر میں مذکور ہے۔

وَقَالَ کُلُّ خَلِیْلٍ کُنْتُ آمُلُهٗ	لَا اُلْهِیَنَّكَ اِنِّیْ عَنْكَ مَشْغُوْلُ

الخليل من الخلة بالضم وهى صفاء المودة بمعنى الصديق۔ ومعنى كنت آمله اى كنت آمل خيره وارتجى اعانته لى فى المهمات۔ ولا الهينك اى لا اشغلنك عما انت فيه من الخوف والفزع بان اسهله عليك واسليك فاعمل لنفسك فانى لا اغنى عنك شيئا **ترجمہ**

اور ہر دو تکالیف مذکورہ سے بڑھکر یہ امر پیش آیا کہ ہر دوست صادق نے جن سے حمایت
واعانت کی امید تھی مجھ سے یہ کہا کہ میں تجکو اپنی نجات کی تدبیروں سے نہیں روکتا جو
تجھ سے ہو سکے عمل میں لا۔ میں اپنے ہی بکھیڑوں میں لگ رہا ہوں۔ مجھ سے امید
بھلائی کی مت رکھ اور اپنا کام کر۔

فکل ما قدر الرحمن مفعول	فقلت خلوا سبیلی لا ابا لکم

خلوا ای اترکوا۔ وقولہ لا ابا لکم باشباع المیم ذم لہم لکونہم لم یغنوا عنہ شیئا فعاہم مجاہیل الانساب
او مدح لہم علی سبیل التہکم والاستہزاء علی انہ کنایۃ عن عدم النظیر لانہ لوکان لہ اب لکان لہ
نظیر عادۃ وہو اخوہ فہذہ الجملۃ تستعمل للمدح والذم فلا نافیۃ للجنس وابا اسمہا منصوب بالالف
لکونہ مضافا فالکاف واللام زائدۃ لتاکید معنی الاضافۃ ترجمہ جب انہوں نے میری اعانت
سے انکار کیا اور خداوند تعالی شانہ نے میرے دل میں مضمون توکل القا فرمایا۔ تو میں نے
اُن سے کہا کہ ای مجہول النسب لوگو یا بینظیر بزرگو میرے سامنے سے ہٹو اب میں سرور کائنات
کی خدمت میں حاضر ہوتا ہوں اور مجکو معلوم ہوا ہے کہ آنحضرت کرم مجسم ہیں۔ جو شخص
تائب ہو کر آپکی خدمت میں حاضر ہوتا ہے اُس سے حرکات سابق کا مواخذہ نہیں فرماتے
فان الاسلام یہدم ما قبلہ۔ آگے جو میری قسمت میں لکھا ہے ہو کر رہے گا۔ کیونکہ جو
خداوند تعالی نے مقدر فرما دیا ہے وہ ہو کر رہتا ہے۔

یوما علی آلۃ حدباء محمول	کل ابن انثی وان طالت سلامتہ

کل مبتدا وخبرہ محمول۔ واقتصر علی نسبتہ للانثی لان لحوقہا بہا قطعی بخلاف لحوقہ بالرجل فانہ
ظنی۔ ولان لبعض الافراد لا اب لہ کعیسی علیہ السلام۔ وان وصلیۃ فلا جواب لہا۔ وعلی آلۃ متعلق
بمحمول۔ وحدباء الضیقۃ والمرتفعۃ والمراد بالآلۃ الحدباء النعش سمی بہ لضیقہ او لارتفاعہ۔
والظاہر انہ سمی بذلک تشبیہا بالرجل الاحدب لان العرب لم تکن تعرف الاسرۃ المعمولۃ
من الخشب وانما کانوا یاخذون عصیا یربطونہا تربیعا مستطیلا وینسجون وسطہا بالحبال

ثم یحملون علیہا موتاہم۔ والعرب فی البوادی علی ذلک الی الآن **ترجمہ** سو ہر فرزند زن اگرچہ وہ امراض و آفات سے عرصہ دراز تک محفوظ رہے ایک دن ایک آلہ مرتفعہ یعنی نعش پر اٹھایا جاویگا۔ الغرض موت سے کوئی بچ نہیں سکتا۔ پھر مجکو حضرت کی خدمت میں حاضر ہونے سے کیا چیز مانع ہو سکتی تھی اور جو مقدر میں ہے ہو کر رہیگا۔ مگر بوجوہ مذکورہ ذیل مجکو امید نجات ہے۔

اُنْبِئْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ اَوْعَدَنِیْ		وَالْعَفْوُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ مَأْمُوْلُ

وروی نبئت وبہ ابنتاہ۔ وکلتا الروایتین بصیغۃ المجہول۔ ونائب الفاعل مفعول اول وان مع معمولاتہا سدت مسد الثانی والثالث فکل من انبأ ونبأ یطلب ثلاثۃ مفاعیل وترک ذکر الفاعل لانہ لایتعلق بتعیینہ غرض ولان مقام الاستعطاف یناسبہ تمریض الخبر وقولہ اوعدنی ای بالقتل والایعاد یستعمل فی الشر والوعد فی الخیر۔ ولذا قال بعض فصحاء العرب فی دعائہ یا من اذا وعد وفی واذا اوعد عفا واعاد ذکر رسول اللہ صلعم لاظہار التعظیم واشار التفخیم ففی ذکر صریح لقبہ ما لیس فی ضمیرہ من التعظیم۔ ولان فیہ تکرار الاعتراف بالرسالۃ فہو مستجلب للعفو۔ وجمیع ما تقدم توطیۃ لہذا البیت وہو بیت قصیدتہ ومحط لبانتہ **ترجمہ** مجکو خبر دیگئی ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجکو قتل سے ڈرایا ہے مگر حال یہ ہے کہ عفو اور درگزر حضرت سے امید کی گئی ہے۔ کیونکہ آپ صاحبِ خلق عظیم اور کریم بن الکریم ہیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضہ ام المومنین فرماتی ہیں کہ حضرت رسالت پناہ نے اپنے لیئے کسی سے انتقام نہیں لیا مگر جبکہ احکام الٰہی کی کسر شان ہو اُس وقت انتقام لیتے تھے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ اجمعین آمین۔ عرب عربا کا خاصہ تھا کہ ایفائے وعدہ وخلف وعید پر فخر کیا کرتے تھے۔ قال الشاعر ؎

وانی اذا اوعدتہ او وعدتہ		لمخلف ایعادی ومنجز موعدی

جب خداوند تعالیٰ شانہ کے اچھے بندوں کا یہ حال ہے تو ارحم الراحمین کا عفو کس درجہ ہوگا۔ امید قوی ہے کہ وہ خلف وعید پر عمل فرما کر ہم سے گنہگاروں کو بخشد یگا ورنہ

گر بکرم کار رفت رفت زبر بان عذاب		ور بعمل کار رفت وہ کہ چہا دیدنیست	

وما احسن ہذہ الاشعار فی الرجاء رباعی

زاہد بہ کرم ترا چو ما نشناسد گفتی کہ گنہ مکن بیندیش ز من		بیگانہ ترا چو آشنا نشناسد ایں را بچہ گو کہ ترا نشناسد	
من قاعدۂ رحمت او میدانم لطف و کرمش عاشق حسن گنہ است		من طور عطائے او نکو میدانم من عادت آں بہانہ جو میدانم	
زاہد نہ کند گنہ کہ قہاری تو او قہارت خواند لیک ما غفارت		ما غرق گناہیم کہ غفاری تو یارب بکدام نام خوشداری تو	
تا منزل آدمی سرائے دنیاست خوش باش کہ آں سرا چنین خواہد بود		کارش ہمہ جرم کار حق لطف عطاست سائے کہ نکوست از بہارش پیداست	

وما اجرد من قال

بیش عفوش قلت تقصیر ماست	عفو بے اندازہ می خواہد گناہ بیحساب
فَقَدْ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ مُعْتَذِرًا	وَالْعُذْرُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مَقْبُوْلُ

عطف علی اُبِئْتُ۔ والواو للحال۔ وہذا البیت غیر موجود فی اکثر النسخ ولہذا لم یکتب علیہ اکثر الشراح

ترجمہ اور میں تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اُن الزامات کا جو مجھپر لگائے گئے ہیں عذر خواہ آیا ہوں۔ اور رسول اللہ صلعم کی شان یہ ہے کہ وہ عذر قبول فرماتے ہیں۔ اس وقت ناظم کی صورت حال یہ شعر پڑھتی تھی۔

گرچہ روئے معذرت نگذاشت گستاخی مرا	کردہ گستاخی زبان عذر خواہ آوردہ ام
مَهْلًا هَدَاكَ الَّذِيْ اَعْطَاكَ نَافِلَةَ	الْقُرْاٰنِ فِيْهَا مَوَاعِيْظُ وَتَفْصِيْلُ

فی البیت التفات من الغیبۃ الی الخطاب واصل مہلا امہل علی امہالا۔ ومعنی ہداک زادک ہدی فاقتضے ذلک ہدی سابقا وہدی لاحقا۔ وقیل المراد ہداک اللہ الصفح والعفو فیکون فی الحقیقۃ

نامہ اعمال

داعیا لنفسہ۔ وعلی کل فالجملۃ خبریۃ لفظاً انشائیۃ معنی وہو ابلغ من صیغۃ الطلب۔ وقولہ اعطاک الخ معناہ ان اللہ تعالی انعم علیک بعلوم عظیمۃ وجعل القرآن زیادۃ لہ علی تلک العلوم اذ النافلۃ العطیۃ المتطوع لہا زیادۃ علی غیرہا۔ وہذا اعتراف بانزال القرآن من عند اللہ وانہ لیس شعرا ولا کہانۃ کما زعم کفار قریش وہو من تمام الاسلام الذی یحقن الدم ویصون عن القتل **ترجمہ** آپ مجھے مہلت دیجئے کہ آپ سے اپنا حال عرض کروں وہ خداوند تعالی جس نے آپ کو اور علوم عظیمہ کے سوا قرآن بطور عطیہ زائدہ عنایت فرمایا ہے جس میں ہر گونہ نصائح اور ہر امر دینی و دنیوی کی تفصیل اور امور ممنوعہ کے ارتکاب سے ممانعت ہے۔ آپ کو عفو تقصیرات کا الہام فرمادے۔ یا آپ کو باوجود ہدایت یافتہ ہونے کے اور زیادہ ہدایت عنایت کرے۔

أُذْنِبْ وَاِنْ کَثُرَتْ فِیَّ الْاَقَاوِیْلُ	لَا تَأْخُذَنِّیْ بِاَقْوَالِ الْوُشَاةِ وَلَمْ

لا تاخذنی سوال وتضرع وان کان النہی صورۃ۔ **ترجمہ** میں بعجز تمام عرض کرتا ہوں کہ غمازوں کے اقوال کا اعتبار کر کے مجھ سے مواخذہ نفرمائیے اور قتل نہ کرائیے اور حال یہ ہے کہ میں نے وہ گناہ نہیں کیے جو چغلخور میری طرف نسبت کرتے ہیں اگرچہ میرے حق میں بہت سی بے اصل باتیں کہی گئی ہیں یعنی میں نے ایسے گناہ مستوجب قتل بعد اسلام نہیں کیے۔ اور جب میں مسلمان ہو گیا تو میرے سارے گناہ معدوم ہو گئے اور میں معصوم ہو گیا یا یہ معنے کہ میں نے وہ تمام گنہ جو غماز میری طرف نسبت کرتے ہیں نہیں کیے گو بعض جرم خفیف صادر ہوئے ہوں۔

اَرٰی وَاَسْمَعُ مَا لَوْ یَسْمَعُ الْفِیْلُ	لَقَدْ اَقُوْمُ مَقَامًا لَوْ یَقُوْمُ بِهٖ

ای واللہ لقد اقوم مقاما الخ فہو جواب قسم محذوف لان لقد لا یکون الا جوابا لقسم ملفوظ نحو تاللہ لقد آثرک اللہ علینا او مقدر نحو لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ ویروی انی اقوم مقاما والروایۃ الاولی المشہورۃ وہی ابلغ فی المعنی لتاکیدہا بالقسم المحذوف۔ والمقام

بفتح المیم ظرف مکان والمراد بہ مجلس النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ والمراد بالقیام فیہ حضورہ وقولہ لو یقوم ای لو یحضر فیہ فیقوم بمعنے یحضر وبہ بمعنی فیہ ووقع التنازع بین یقوم ویسمع فی الفاعل وہو الفیل فایہما اعملتہ فیہ اعطیت الآخر ضمیرہ۔ وفی البیت تضمین لان الجواب فی اول البیت الاٰتی

ترجمہ تحقیق میں ایسی مجلس رعب دار میں حاضر ہوں کہ اگر اُس مجلس میں ہاتھی باین کلانی وتنومندی حاضر ہوئے۔ اور دیکھتا اور سنتا ہوں میں ایسی گفتگو کہ اگر اُس کو ہاتھی سُنے۔ جواب لو اگلے شعر میں ہے یعنے وہ کانپنے لگے۔ پس یہ شعر قطعہ بند ہے۔

۴۴ لَظَلَّ یَرْعَدُ اِلَّا اَنْ یَکُوْنَ لَہٗ	مِنَ الرَّسُوْلِ بِاِذْنِ اللّٰہِ تَنْوِیْلُ

جواب لو۔ وظل بمعنی صار۔ ویرعد معناہ تاخذہ الرعدۃ۔ والتنویل معناہ فی اللغۃ اعطاء النوال والمراد بہ ہہنا التامین اے اعطاء الامان۔ وقولہ من الرسول متعلق بیکون او بتنویل و کذلک قولہ باذن اللہ ترجمہ میں ایسی مجلس ہیبتناک میں کھڑا ہوں اور ایسی گفتگو رعب دار اور عجیب سُن رہا ہوں کہ اگر ہاتھی بھی اُس کو دیکھے اور سُنے تو کانپنے لگے۔ یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت وجلال خداداد کے سبب مگر اُس صورت میں کہ منجانب حضرت رسالت پناہ حسب حکم خداوند تعالی دولت امن عطا ہو اس صورت میں البتہ لرزہ موقوف اور ہوش درست ہوجاویں گے۔

۴۵ حَتّٰی وَضَعْتُ یَمِیْنِیْ لَا اُنَازِعُہٗ	فِیْ کَفِّ ذِیْ نَقِمَاتٍ قِیْلُہٗ قِیْلُ

ای لو ضعت یمینی الخ فحتی بمعنی الفاء وہی عاطفۃ علی قولہ لقد اقوم۔ وما بعد حتی داخل فی حکم ما قبلہا فانہ کان عند وضع یمینہ فی کف رسول اللہ صلعم اخوف منہ فی غیر تلک الحالۃ وانما خص یمینہ لان الاشیاء الشریفۃ ومنہا مصافحۃ النبی صلعم انما تفعل بالیمین۔ وجملۃ لا انازعہ حال من فاعل وضعت ای حال کونی غیر منازع لہ وغیر مخالف لہ فی شیٔ اصلا بل طائعا لہ وراضیا بحکمہ۔ ونقمات بفتح النون وکسر القاف جمع نقمۃ بکسر النون وسکون القاف ککلمات وکلمۃ۔ والمراد بذی نقمات النبی صلعم لانہ کان ینتقم من الکفار وکان شدید السطوۃ علیہم ورؤفا رحیما بالمومنین۔ وقولہ قیلہ

قیل ای قولہ ہو القول المعتد بہ فالقیل بمعنی القول وہکذا القال **ترجمہ** میں مجلس شریف میں حاضر ہوا اور اپنا دست راست بحالت اطاعت و کمال انقیاد اس محبوب الٰہی کے دست مبارک پر رکھدیا جو کافروں سے بتعمیل حکم خداوندی انتقام لیتے ہیں۔ اور یہی بات قابلِ اعتبار وہ ہے جو وہ فرماتے ہیں۔ مروی ہے کہ حضرت رسالتمآبؐ مسجد شریف میں رونق افروز تھے۔ سو کعب رضؓ وہاں حاضر ہوئے اور حضرت سے مصافحہ کیا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ کعب بن زہیر کفر سے توبہ کر کے اور اسلام قبول کر کے حاضر ہوا ہے میں اُس کو اگر لے آؤں تو آپ اُس کی توبہ قبول فرمائیں گے۔ آپ نے فرمایا کہ ہاں۔ اُس نے عرض کی کہ یا رسول اللہ کعب میں ہوں۔

وَقِیۡلَ اِنَّکَ مَنۡسُوۡبٌ وَّمَسۡئُوۡلُ	لَذَاکَ اَهۡیَبُ عِنۡدِیۡ اِذۡ اُکَلِّمُهٗ

ای واللہ لذاک اہیب۔ فاللام واقعۃ فی جواب قسم محذوف لان المقام تقتضیہ ویحتمل انہا للابتداء و فی نسخۃ فذاک بالفاء۔ وعلی کل فاسم الاشارۃ عائد الی ذی النقمات وہو النبی صلعم۔ وقولہ وقیل عطف علی اکلمہ وانک منسوب الی امور صدرت منک کقولہ سقاک بہا المامون ومنعک اخاک بجیرا من الاسلام وتعیرک بہ ومسئول عن قبیلتک التی تجیرک منی **ترجمہ** البتہ بخدا حضرت رسول اللہ صلعم جب میں آپ سے کلام کرتا ہوں اور جب کہا جاتا ہے کہ اے کعب تو اُن اُمور کی طرف نسبت کیا گیا جو تجکو لائق نہ تھے اور تجھسے اُس کا سبب پوچھا جاوے گا آپ نہایت پر ہیبت ہیں شیر دلیر سے جس کا ذکر اگلے شعر میں آتا ہے۔

بِبَطۡنِ عَثَّرَ غِیۡلٌ دُوۡنَهٗ غِیۡلُ	مِنۡ خَادِرٍ مِّنۡ لُّیُوۡثِ الۡاُسۡدِ مَسۡکَنُهٗ

ای من اسدٍ خادرٍ والجار متعلق باہیب۔ والخادر بخاء معجمۃ الداخل فی خدرہ ای جمتہ وہی الشجر الملتف وخص الاسد لشدۃ ہیبتہ من جمیع الحیوانات۔ ووصفہ بکونہ خادراً مع ان الشجاعۃ تقتضے البروز لان الاسد فی الوحوش کالملک فی الانسان فکلما کان مختفیا عن العیون

كان اشد هيبة في النفوس۔ ولذلك لاتزال الملوك تحتجب عن الرعية ليعظموه في نفوسهم۔ وايضا الاسد اذا رأم الحبار ازداد توحشه فتعظم جرئته واقدامه۔ والليوث جمع ليث۔ والاسد بضم وسكون جمع اسد۔ واضافة الليوث الى الاسد من قبيل اضافة اللفظ المشترك الى احد معانيه كعين الشمس فان الليث مشترك بين الاسد وضرب من العناكب يصطاد الذباب بالوثوب وعثر بفتح العين المهملة وتشديد المثلثة كشمر اسم مكان مشهور كثير الآساد۔ ومسكنه مبتدء وخبره غيل الاول۔ والغيل بكسر الغين المعجمة الاجمة۔ ودونه اى قريب منه **ترجمہ** جب میں آنحضرت صلعم سے ہمکلام ہوتا ہوں تو آپ بسبب ہیبت خداداد کے میرے نزدیک اس شیر سے جو درمیان نیستان مکان عثر کے ایسے بیشے میں ہو جس کے پاس ہی اور بیشہ ہو زیادہ باہیبت اور رعب دار ہیں۔ شیر جس وقت اپنے بن میں ہوتا ہے اسوقت زیادہ متوحش اور حملہ آور ہوتا ہے۔ خصوصاً جبکہ اُس کے بن سے دوسرا بن ملا ہوا ہو کہ ایسے وقت میں اور زیادہ متوحش اور پتے کی حرکت سے بھی زیادہ غضبناک ہوتا ہے۔

يَغْدُو فَيُلْحِمُ ضِرْغَامَيْنِ عَيْشُهُمَا	لَحْمٌ مِنَ الْقَوْمِ مَعْفُورٌ خَرَادِيلُ

الجملة صفة اخرى لخادر۔ ومعنى يغدو يذهب في اول النهار۔ وقوله فيلحم ضرغامين اى فيطعم ولديه لحما۔ يقال لحمته اى اطعمته اللحم وحكى الاصمعي الحمته۔ والضرغام بكسر الضاد الاسد الضاري الشديد الاقدام وقوله معفور صفة لحم اى ملقى في العفر بفتحتين وهو التراب وخراديل صفة اخرى للحم اى قطع صغار جمع خردلة وهي القطعة من الشئ يقال خردلت اللحم اذا قطعته قطعا۔ **ترجمہ** آنحضرت صلعم میرے نزدیک اُس شیر سے زیادہ باہیبت ہیں جو صبح کو بقصد شکار نکلے واسطے کھلانے اپنے دو شیر بچوں کے جنکی خوراک قوم انسان کا گوشت ہے۔ جو مٹی پر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کیے ہوئے پڑا ہے۔ بچے نکی دو کیساتھ اسواسطے تخصیص کی کہ دو کیواسطے زیادہ شکار کی حاجت ہوتی ہے اور دو سے زیادہ اسواسطے نہ کہا کہ شیر کے ایکدفعہ میں دو سے زیادہ بچے نہیں ہوتے اور آدمی کے گوشت کی اسلئے قید لگائی کہ بہ نسبت اور حیوانات کے انسان شیر کا

زیادہ مقابلہ کرتا ہی بس اُسکے شکار میں زیادہ جرءت کی حاجت ہوتی ہے اور گوشت کوسٹی پر پڑا ہوا سلیے کہا کہ اس سے شکار کی کثرت ثابت ہوتی ہے کہ وہ حاجت سے زیادہ شکار کرتا ہے اور جب شکم سیر ہوجاتا ہے تو باقی مٹی پر پڑا رہجاتا ہے جسکی وہ کچھ بھی پروا نہیں کرتا۔ اور یہ جو قید لگائی کہ گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہیں اسکی دو وجہ ہوسکتی ہیں۔ ایک تو مزید قوت شیر کی اس سے ثابت ہوتی ہے دوسرے یہ بھی احتمال ہے کہ شیر بسبب آسانی سے کھلانے اپنے بچوں کے گوشت کے چھوٹے ٹکڑے کرلیتا ہے۔

إِذَا يُسَاوِرُ قِرْنًا لَا يَحِلُّ لَهُ	أَنْ يَتْرُكَ الْقِرْنَ إِلَّا وَهُوَ مَجْدُولُ

المساورة المواثبة۔ والقرن بکسر القاف المقاوم لک فی شجاعة او علم وقوله لایحل له ای لایاتی له ذلک حتی کانه محرم علیه۔ والمجدول الملقی بالجدالة وہی الارض۔ ویروی مغلول ای مکسور مہزوم واصل الفل الکسر الحسی **ترجمہ** جب وہ شیر کسی اپنے ہمسر سے جنگ کرے تو اسکو یہ امر حلال نہیں ہے یعنی نہیں ہوسکتا کہ وہ اپنے ہمسر کو سالم چھوڑ دے۔ بے اسکے کہ اسکو پچھاڑ کر زمین پر گرادے اور ہلاک کردے۔ الغرض مجھ پر آپ سے ہمکلام ہوتے ہوئے شیر متصف بصفات مذکورہ سے زیادہ ہیبت ظاہر ہوتی ہے۔

مِنْهُ تَظَلُّ سِبَاعُ الْجَوِّ ضَامِزَةً	وَلَا تَمَشَّى بِوَادِيهِ الْأَرَاجِيلُ

ای من اجل ذلک الخادر۔ وتظل بمعنی تصیر۔ والسباع جمع سبع وہو فی الاصل اسم لکل حیوان کاسر ثم غلب استعاله فی الاسد والجو الواسع من الاودیة وقیل البر الواسع وما بین السماء والارض۔ والضامز بضاد معجمة وبعد الالف میم ثم زای معجمة بمعنی الساکنة وعند البعض ضامرة وبراء مہملة ای نحیفة وتمشی بضم المثناة الفوقانیة وفتح المیم وتشدید الشین المعجمة بمعنی تمشی بفتح التاء وسکون المیم والاراجیل جمع ارجال وہو جمع رجل وہو ضد الفارس **ترجمہ** وہ حملہ آور شیر ایسا قوی اور ہیبتناک ہے کہ اسکے خوف سے اور شیر میدان کے خاموش اور دم بخود ہیں۔ اس کے سامنے جرءت شکار نہیں کرسکتے وبصورت روایت دوم بسبب نہ کرنے شکار کے اور مارے بھوک کے لاغر ہوگئے ہیں اور اسکے علاقہ کے جنگل اور کھالوں میں اسکے

خوف سے پیادے لوگ نہیں چل سکتے. خلاصہ یہ کہ اس سوا اسکے ہمجنس اور غیر جنس دونوں ڈرتے ہیں۔

مُطْرَحٌ الْبَزُّ وَالدِّرْسَانِ مَأْكُولُ	وَلَا يَزَالُ بِوَادِيهِ أَخُو ثِقَةٍ

بوادیہ بالاشیاء خبر یزال مقدم واخو ثقۃ اسمہا موخر۔ واخو ثقۃ المراد منہ ہنا الشجاع الواثق بشجاعتہ فکانہ یولی الوثوق بنفسہ یلازمہ۔ ومطرح بمعنی مطروح وہو صفۃ لاخو ثقۃ والبز المراد بہ ہنا السلاح والدرسان بکسر الدال کصنوان ہو الثوب الخلق الذی قد درس وقولہ ماکول صفۃ اخری بقولہ اخو ثقۃ ای ماکول لذلک الخادر **ترجمہ** اور ہمیشہ اُس شیر کی کھالوں اور نالوں میں بڑے بھروسہ کا بہادر شخص اُسکا کھایا ہوا اور اپنے ہتیار اور جامہ ہائے کہنہ ڈلے ہوئے رہتا ہے۔ یعنی وہ شیر ایسا بہادر ہے کہ شجاعان دلیری کو مارتا ہے اور کھاجاتا ہے اور اُسکے ہتیار اور پھٹے ہوئے کپڑے جو شیر مذکور نے اپنے دانتوں اور پنجوں سے پارہ پارہ کئے ہیں وہاں پڑے رہجاتے ہیں۔

مُهَنَّدٌ مِنْ سُيُوفِ اللهِ مَسْلُولُ	إِنَّ الرَّسُولَ لَسَيْفٌ يُسْتَضَاءُ بِهِ

ویروی ان الرسول لنور الخ۔ ویستضاء بہ ای یہتدی بہ الی الحق۔ ومہند بضم المیم وفتح الہاء وتشدید النون المفتوحۃ ای منسوب الی الہند او مطبوع من حدید الہند وانما ینسب الیہ لان سیوف الہند احسن السیوف وقولہ من سیوف اللہ ای من سیوف عظمہا اللہ تعالی بنیل الظفر والانتقام۔ وقولہ مسلول ای مخرج من غمدہ۔ ولما وصل کعبؓ الی قولہ ان الرسول لسیف یستضاء بہ۔ رمی الیہ صلعم بردتہ الشریفۃ۔ **ترجمہ** بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک شمشیر یا نور الہی ہیں جنسے راہ حق کی روشنی طلب کیجاتی ہے۔ آپ ایک عمدہ برہنہ شمشیر ہندی ہیں منجملہ شمشیر ہائے خداوندی کے۔ جب ناظمؓ نے یہ شعر پڑھا تو آپ نے اپنی ردائے مبارک بطور صلہ اسکی طرف پھینکدی۔ حضرت معاویہؓ نے اُسکے پاس دس ہزار درم بھیجکر ردائے شریف لینی چاہی۔ اُسکے جواب میں کعب نے کہلا بھیجا کہ حضرت کی چادر مبارک میں کسی کو دینا نہیں چاہتا۔ جب حضرت کعبؓ کا انتقال ہوگیا تو امیر معاویہ نے انکے ورثہ کو بیس ہزار دیکر لے لی۔ روایت ہے کہ شاعر نے جب یہ شعر پڑھا تو مہند من سیوف الہند کہا حضرت رسالت پناہ صلعم نے من سیوف الہند کی جگہ من سیوف اللہ

فرما کر اصلاح دیدی صلی اللہ علیہ وسلم

بِبَطْنِ مَكَّةَ لَمَّا أَسْلَمُوا زُولُوا	فِي فِتْيَةٍ مِنْ قُرَيْشٍ قَالَ قَائِلُهُمْ

فی فتیۃ خبر آخر۔ او متعلق بمسلول۔ او حال ای حال کونہ کائنا او مبعوثا فی فتیۃ من قریش۔ والفتیۃ بکسر الفاء جمع فتی وہو السخی الکریم وانکان شیخا۔ وقریش قبیلۃ مشہورۃ من اولاد فہر بن مالک بن النضر وانما خص قریشا بالذکر لان غالب المہاجرین کانوا منہم وقولہ قال قائلہم اختلف فی ذلک القائل فقیل ہو حمزۃ ابن عبد المطلب وقیل عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما۔ وقولہ ببطن مکۃ ای فی بطن مکۃ فالباء بمعنی فی۔ وبطن مکۃ وادیہا وبطحا ئہا ومکۃ اسم للبلد الحرام ویقال لہا ایضا بکۃ بالباء بدل المیم وبہما جاء القرآن الکریم وزولوا امر من زال التامۃ ای تحولوا وانتقلوا من مکۃ الی المدینۃ **ترجمہ** آپ ایک ایسی جماعتِ قریش میں ہیں کہ جب وہ مسلمان ہوئے اور مکہ معظمہ میں اُنکو کفار تکلیف دینے لگے تو اُن میں سے ایک شخص نے کہا کہ یہاں سے مدینے میں چلے چلو وہاں عبادت اور اظہار دین میں ساعی ہو نگے۔ اس قول کے قائل یا تو حضرت امیر حمزہ ہیں یا امیر المومنین عمر بن خطاب رض۔ کہتے ہیں کہ جب کعب رض نے یہ شعر پڑھا تو آپ صحابہ کرام کی طرف متعجبانہ دیکھنے لگے۔ گویا یہ مطلب تھا کہ یہ مضمون کیسا سچا اور عمدہ ہے۔

عِنْدَ اللِّقَاءِ وَلَا مِيلٌ مَعَازِيلُ	زَالُوا فَمَا زَالَ أَنْكَاسٌ وَلَا كُشُفٌ

ای ذہبوا وحاجروا من مکۃ الی المدینۃ۔ وما زال ای ما تحول وانتقل والانکاس بفتح الہمزۃ معناہ الضعاف جمع نکس بکسر النون وہو الرجل الضعیف۔ وکشف بضم الکاف والشین المعجمۃ جمع اکشف وہو الذی لاترس معہ فی الحرب۔ وکان مقتضی القیاس تسکین الشین کاحمر وحمر فلعل ضمہا سماعی او لضرورۃ الشعر وقولہ عند اللقاء ای عند ملاقاۃ الاعداء ومیل بکسر المیم جمع امیل وہو الذی لاسیف معہ او الذی لایحسن الرکوب ولایستقر علی السرج ومعازیل ای ولا معازیل فالمعنی علی العطف۔ والمعازیل بفتح المیم والعین المہملۃ جمع معزال بکسر المیم وہو الذی لاسلاح معہ والمشہور فیہ اعزل **ترجمہ** اُنہوں نے ہجرت کی یعنی مکہ سے مدینہ کی طرف روانہ ہوئے سو

نہ چلے اُن میں نا توان وضعیف اور نہ بے سپر بوقت جنگ اور نہ بے شمشیر یا کم سوار غیر مسلح
خلاصہ یہ کہ حضرات مہاجرین میں کوئی ایسا نہ تھا جسمیں عیوب مذکورہ میں سے کوئی عیب
پایا جاوے۔ بلکہ وہ سب اقویا مسلح مردانِ میدانِ جنگ تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔
یہ ہجرۃ مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت ثانیہ کہلاتی ہے اور ہجرت اولیٰ مکہ سے حبشہ کیطرف
تھی۔ اور تفصیل ہر دو کتب تواریخ میں موجود ہے۔ جسکی تفصیل بندہ مترجم نے عطر الوردہ
شرح قصیدۂ بردہ میں لکھدی ہے۔ من شاء فلیرجع الیہ۔

مِنْ نَسْجِ دَاؤُدَ فِی الْهَیْجَا سَرَابِیْلُ	شُمُّ الْعَرَانِیْنِ اَبْطَالٌ لَبُوْسُهُمُ

الشم جمع اشم وہو الذی فی قصبۃ انفہ علو مع استواء اعلاہ۔ واصلہ الارتفاع مطلقا۔ والعرانین جمع عرنین
وہو الانف۔ الابطال جمع بطل وہو الذی تبطل عندہ الدماء فیذہب ہدرا ولا یدرک عندہ بالثار۔ وقیل
الذی تبطل فیہ الحیل فلا یوصل الیہ۔ واللبوس بفتح اللام اللباس قال ع البس لکل حالۃ لبوسہا
والمراد بہ ہنا ما یلبس من السلاح۔ والنسج المنسوج۔ وداؤد النبی علیہ السلام کان منسوجہ الدروع
والسرابیل جمع سربال۔ والظرف صفۃ لسرابیل قدم علیہ فانتصب علی الحال **ترجمہ** وہ یعنی
صحابہ کرام رضؓ بلند بینی بڑی ناک والے ہیں جن سے کوئی اپنا انتقام اور قصاص نہیں لے
سکتا اور جنگ میں کسی کا اُن پر پیچ نہیں چل سکتا۔ لباس اُنکا بوقتِ جنگ زرہ بنی ہوئی
حضرت داؤد علیہ السلام کی ہے۔ اگر کوئی کہے کہ کمال بہادری کا تو یہ ہے کہ بے زرہ پوشی
کے لڑے تو اس کا جواب یہ ہے کہ جنگ بے زرہ پوشی اور احتیاط اور فراہمی سامان ایک
جنون کی قسم ہے جسکو تہور کہتے ہیں اور یہ امر خلاف عقل اور غیر محمود ہے۔ شجاعت محمودہ
وہی ہے جو مقرون باحتیاط ہو۔

کَاَنَّهَا حَلَقُ الْقَفْعَاءِ مَجْدُوْلُ	بِیْضٌ سَوَابِغُ قَدْ شُکَّتْ لَهَا حَلَقٌ

ومعنی بیض مجلوۃ صافیۃ۔ وسوابغ طوال تامۃ ومفردہا ابیض وسابغ لان السربال مذکر۔ واصل
الشک ادخال الشئی فی الشئی۔ والمراد بہ ہنا ادخال بعض الحلق فی بعض یکون ذلک فی الدروع

المساعفۃ سوردی سکت بالسین المہملۃ ای نسجت یعنی ان حلق الدرع قد ضیق بینہا۔ والسلک الضیق۔ والحلق بفتحتین جمع حلقۃ بالاسکان۔ وقال الاصمعی حلق بکسر الحاء۔ والقفعاء بقاف بعدہا فاثم عین مہملۃ شجر ینبسط علی وجہ الارض یشبہ حلق الدروع۔ والمجدول المحکم الصنعۃ **ترجمہ** صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کی زرہیں صیقل کی ہوئی چمکدار لمبی پورے قد کی جنکے حلقے تنگ ہیں اور دوہرے بنے ہوئے اور اُنکے حلقے گویا حلقے درخت قفعا کے ہیں۔ جو زمین پر پھیلے ہیں اور وہ زرہیں خوب مضبوط بنی ہوئی ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ جب وہ ایسی دوہری بنی ہوئی ہیں اور لمبی چوڑی زرہیں پہنتے ہیں تو اُس سے اُن کی قوت اور تنومندی پوری معلوم ہوتی ہے اور صیقلدار اور براق ہونا زرہونکا اس امر پر صاف دلالت کرتا ہے کہ وہ زرہونکو ہمیشہ استعمال کرتے ہیں کیونکہ لوہے کا خاصہ ہے کہ جسقدر اُسکو استعمال کرو اُسیقدر اُسکی چمک اور براقیت بڑھتی جاتی ہے۔

لَا یَفْرَحُوْنَ اِذَا نَالَتْ رِمَاحُہُمْ	قَوْمًا وَّلَیْسُوْا مَجَازِیْعًا اِذَا نِیْلُوْا

مجازیعا ای کثیر الجزع والخوف۔ وہو جمع مجزاع۔ ونیلوا ای اصیبوا **ترجمہ** صحابہ رضوان اللہ عنہم ایسے صاحب ظرف عالی و بلند حوصلہ ہیں کہ جب اُنکے نیزے کسی دشمن قوم کو قتل کر دیتے ہیں تو مثل کم ظرفوں کے اظہار رعایت سرور نہیں کرتے اور دُون کی نہیں لیتے اور اگر اُن پر کوئی ضرر بجانب اعدا آپڑے تو بالکل گھبراتے نہیں ہیں۔

یَمْشُوْنَ مَشْیَ الْجِمَالِ الزُّہْرِ یَعْصِمُہُمْ	ضَرْبٌ اِذَا عَرَّدَ السُّوْدُ التَّنَابِیْلُ

الزہر جمع ازہر وہو الابیض۔ ومشی مصدر مبین للنوع وہو فی الاصل نائب عن صفۃ مصدر محذوف ای مشیا مثل مشی یعصمہم ای یمنعہم۔ والجملۃ حال۔ وعرد مہملۃ الاحرف ای فر واعرض۔ والسود جمع اسود۔ والتنابیل القصار والمفرد تنبال **ترجمہ** صحابہؓ کی درازی قامت و تنومندی وصباحت وسفید رنگی اور وضعداری اور نرم روی کی تعریف کرتا ہے اور یہ اوصاف اُنکے وقار اور سرداری کی دلیل قاطعہ ہیں۔ اور کہتا ہے کہ وہ تمام حضرات ایسے چلتے

ہیں جیسے سفید رنگ کے شتر یعنی سیدان جنگ کی طرف اور اُن کو دشمن کے حملہ سے اُنکی ضرب جو وہ دشمن پر لگاتے ہیں بچاتی ہے یعنی اُنکی پناہ اُنکی ضربات شمشیروں اور نیزوں کی ہیں نہ قلعے اور گڑھیاں۔ اُسوقت کہ کالے رنگ اور کوتاہ قامت اشخاص سیدان جنگ سے بھاگ جاویں۔ خلاصہ یہ ہے کہ وہ لوگ سردار ہیں نہ غلام۔ اور عرب ہیں نہ اعرابی۔ کہتے ہیں کہ مراد ناظم کی کوتاہ قامت سیاہ رنگ سے انصار رضی اللہ عنہم ہیں۔ کیونکہ وہ بسبب مزید حرارت اسلام یا اس سبب سے کہ کعبؓ نے قبل اسلام اپنے قصیدہ میں حضرت ام ہانی بنت ابیطالب رضی اللہ عنہا کے ذکر سے تشبیب کی تھی اُس کا قتل کرنا چاہتے تھے۔ روایت ہے کہ مہاجرین رہ نے جب یہ شعر سُنا تو فرمایا کہ جسنے حضرات انصار کی ہجو کی اُسکی مدح ہم قبول نہیں کرینگے اس پر ناظم نے اشعار مدح انصار کہے جو اوائل کتاب میں لکھے گئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ آمین۔

لَا یَقَعُ الطَّعْنُ اِلَّا فِیْ نُحُوْرِہِمْ	وَمَا لَہُمْ عَنْ حِیَاضِ الْمَوْتِ تَہْلِیْلُ

معنی نحورہم باشباع المیم صدورہم۔ ویروی نمالہم۔ والحیاض بالضاد المعجمۃ جمع حوض والمراد بہا ہنا الامکنۃ التی تجمع فیہا الماء۔ وتہلیل ای تاخیر۔ وعن متعلقۃ بالتہلیل **ترجمہ** صحابہ کرام بسبب غایت شجاعت جنگ میں کبھی بھاگتے نہیں بلکہ دشمنوں سے سن مکھ اور روبرو لڑتے ہیں اس لیے دشمنوں کی برچھیوں کے زخم اُنکے سینوں پر لگتے ہیں نہ مثل بھگوڑوں کے پشت پر۔ اور اُن کی موتوں کے حوضوں سے روگردانی اور اعراض نہیں ہے۔ یعنی وہ لوگ شہادت کے ایسے مشتاق ہیں جیسے تشنہ لوگ پانی کے کہ بے پانی پیئے وہاں سے نہیں ٹلتے۔ روایت ہے کہ جب ناظم نے مدح صحابہ میں یہ شعر پڑھا تو آپ نے اُن قریش کی طرف جو مجلس مبارک میں حاضر تھے دیکھا۔ گویا یہ اشارہ تھا کہ تمہاری تعریف میں جو ناظم کہتا ہے اُس کو بگوش رضا سُنو۔ اس اشارہ سے اور اس سے جو فی فتیۃ من قریش میں گزرا علماء نے یہ استنباط کیا ہے کہ اس قصیدہ کا

سُننا مستحب ہے کیونکہ اس میں اوصاف حضرت سید المرسلین علیہ وعلی آلہ واصحابہ صلوات اللہ وسلامہ اجمعین۔ ومناقب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بخوبی مذکور ہیں۔ ناظم رضی اللہ عنہ نے یہ عجیب کام کیا ہے کہ آغاز کلام فراق محبوبہ سے کیا اور انجام ذکر موت پر جو حقیقت میں باہم مشابہ ہیں۔ فللہ درہ ثم للہ درہ فقد ادہش الافکار شعرہ۔

تمت

خاتمۃ الطبع

للہ الحمد والمنۃ کہ عذرائے مضامین نعت سید المرسلین ولیلائی معانی مدحت آئین یعنی رسالہ **ارشاد شرح قصیدۂ بانت سعاد** نتیجہ طبع بلاغت آفرین وفصاحت قرین واقف رموز خفی وجلی مولانا مولوی ذوالفقار علی دیوبندی بمحل نشیتی شہود نقاب رعنائیہا برکشود۔ وبمجنونان عشق رسول اکرم سرود بستان یاد دہانیدہ۔ زمام اختیار از دست ربود۔ فللہ در المصنف والشارح۔ والمصحح والطابع۔ والسلام علی عبادہ الذین اصطفٰی وعلی من اتبع الہدی **العبد** احقر انام محمد عبد الاحد عفی عنہ پروپرائٹر مطبع مجتبائی دہلی ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۳ھ مطابق ماہ دسمبر سنہ ۱۹۲۴ء

خادم العلماء والطلبہ محمد عبد القدوس الہزاروی المصحح لمطبع المجتبائی الدہلی غفر اللہ لہ ولوالدیہ ولسائر المسلمین۔ آمین یارب العالمین